DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
THURSDAY, APRIL 27, 2023
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ (کمپنی) کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس (ای او جی ایم) جمعرات 18 مئی 2023 کو دن 11:00 بجے سیکٹر ایچ ایٹ/فور اسلام آباد میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس (C-0 آڈیٹوریم) میں درج ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

## عام کاروبار

۱۔ 28 اکتوبر 2022 کو بلائے گئے کمپنی کے 36 ویں سالانہ اجلاس عام کے روداد کی تصدیق کرنا۔

## خصوصی کاروبار

۲۔ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت 21 مارچ 2023 کو جاری کردہ ایس آر او 389 (آئی)/2023 کے مطابق ویب لنک کے ذریعے کیو آر کوڈ والے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کو ممبران تک پہنچانے اور منظوری پر غور کرنا اور اس نوٹس کی کاپی کے ساتھ اراکین کو فراہم کی جانے والی قرارداد کو منظور کرنا جو مادی حقائق کے بیان (statement of material facts) میں مذکور ہے۔

۳۔ کمپنی کے پاس موجود شفا میڈیکل سینٹر اسلام آباد (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے تمام حصص ("ایس ایم سی آئی شیئرز") کی فروخت یا کسی اور طرح سے ڈسپوز آف کرنے کی منظوری دینا، تصدیق کرنا اور اختیار دینا اور اس نوٹس کی کاپی کے ساتھ اراکین کو فراہم کردہ مادی حقائق کے بیان میں بیان کردہ عام قرارداد کو منظور کرنا۔

۴۔ شیئر ہولڈرز کی طرف سے درج ذیل خصوصی قراردادوں پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر پاس کرنا۔

طے پایا کہ کمپنی ایس ایم سی آئی کے حصص کی فروخت سے حاصل ہونے والی تمام رقم (یا اس کا ایک حصہ) اپنی منسلک کمپنی شفا نیشنل ہسپتال لمیٹڈ فیصل آباد (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("ایس این ایچ ایف") میں ایکویٹی سرمایہ کاری کرنے کے لئے استعمال کرنے کی مجاز ہے اور یہاں اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید طے پایا کہ منصوبے کی لاگت میں اضافے کے پیش نظر بورڈ اور شیئر ہولڈرز کی جانب سے پہلے سے منظور شدہ 1,584,222,750 کی ایکویٹی سرمایہ کاری کے علاوہ کمپنی ایس این ایچ ایف میں مزید 2,196,590,172 روپے کی اضافی سرمایہ کاری کرنے کی مجاز ہے اور اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید طے پایا کہ ایس این ایچ ایف میں کمپنی کی طرف سے سرمایہ کاری کے سلسلے میں، کمپنی درج ذیل کی مجاز ہے اور اس کی منظوری دی جاتی ہے:

الف) ایس این ایچ ایف اور ایس این ایچ ایف کے دیگر حصص داروں کے ساتھ کسی بھی معاہدے میں شامل ہونا اور

ب) لاگو قوانین کے مطابق ایس ای سی پی، سی سی پی (اگر ضرورت ہو تو)، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (اگر ضرورت ہو) اور کسی دوسرے ریگولیٹری ادارے سے متعلقہ فائلنگ یا معلومات جمع کروانا یا ان کی رضامندی حاصل کرنا۔

مزید طے پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈاکٹر ذیشان بن اشتیاق (مجاز فرد) اور/یا کمپنی کا کوئی بھی افسر جو اس سلسلے میں ان کی طرف سے مجاز بنایا جائے، ایسے تمام کاموں، معاملات اور چیزوں کو کرنے یا ان کی اجازت دینے کا مجاز ہے جو ان قراردادوں پر عمل درآمد اور اس عمل درآمد کے نتائج کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ کسی دوسرے معاہدوں پر عمل درآمد کے لیے ضروری ہوں، ان قراردادوں کو مکمل طور پر نافذ کرنے کے لئے مجاز شخص کی طرف سے مذکورہ بالا انسٹرومنٹس (instruments) میں سے کسی ایک یا اس سلسلے میں یا اس کے بارے میں ضروری یا مطلوبہ سمجھے جانے والے انسٹرومنٹس، مواصلات، سرٹیفکیٹ، نوٹس، اعترافات یا دیگر دستاویزات کمپنی کی طرف سے تیار یا فراہم کرنے کی ضرورت ہو۔

مزید طے پایا کہ مجاز شخص اور/یا کمپنی کا کوئی بھی افسر جو اس سلسلے میں ان کی طرف سے باقاعدہ طور پر مجاز ہے، کمپنی کے شیئر ہولڈرز سمیت تمام متعلقہ فریقوں کو ان قراردادوں کی مصدقہ کاپی فراہم کرنے کا مجاز ہے۔

مزید طے پایا کہ مذکورہ بالا قراردادوں میں سے ہر ایک اس وقت تک پوری طرح نافذ العمل رہے گی جب تک کہ اس میں کسی اور قرارداد کے ذریعے ترمیم نہیں کی جاتی یا اسے منسوخ نہیں کیا جاتا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت مادی حقائق کا بیان اور کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیز یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، 2017 کے تحت درکار معلومات اس نوٹس کے ساتھ بھجوا دیا ہے۔

بحکم بورڈ

-Sd-

محمد نعیم

کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد

اپریل 19، 2023

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 166(3) کے تحت سٹیٹمنٹ آف میٹریل فیکٹس نوٹس ہذا کے ساتھ شیئر ہولڈرز کو بھجوا دی گئی ہے۔

## نوٹ

۱۔ فزیکل یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے مورخہ 15 فروری 2021 کو اپنے سرکلر نمبر 4 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فزیکل میٹنگز کے انعقاد کے علاوہ باقاعدگی سے الیکٹرانک ذرائع سے عام اجلاس میں ممبران کی شرکت کو یقینی بنائیں۔

اس سلسلے میں ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں حصہ لینے کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ ذیل معلومات جلد از جلد کمپنی سیکرٹری آفس کو ارسال کریں۔ تاہم کسی تاخیر کی صورت میں بھی اس کام کو غیر معمولی اجلاس عام کے وقت سے 48 گھنٹے قبل یعنی 16 مئی 2023 کو صبح 11:00 بجے تک مکمل کر لیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ بروقت رابطے کو یقینی بنانے کے لئے اپنا ایکٹو موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس فراہم کریں۔

ضروری تصدیق کے بعد 16 مئی 2023 کو یا اس سے پہلے رجسٹرڈ ہونے والے اراکین کو کمپنی کی جانب سے جوابی ای میل کے ذریعے زوم لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت 10 بج کر 55 منٹ سے لے کر اجلاس کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

جو شیئر ہولڈرز غیر معمولی اجلاس عام کے ایجنڈے پر تجاویز/تبصرے فراہم کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی کو muhammad.naeem@shifa.com.pk پر ای میل یا واٹس ایپ نمبر 0300-8590160 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

۲۔ حصص کی منتقلی کی بندش:

کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتابیں 09 مئی 2023 سے 18 مئی 2023 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ اس مدت کے دوران رجسٹریشن کیلئے کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔

08 مئی 2023 کو کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس، میسرز کارپ لنک (پرائیوٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور میں کاروباری اوقات کار کے اختتام تک موصول ہونے والی حصص منتقلی کی درخواستوں کو اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے مقصد کے لئے بروقت سمجھا جائے۔

۳۔ پراکسی کی تقرری:

اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل رکن کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی جگہ کسی دوسرے رکن کو اجلاس میں شامل ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنے پراکسی کے طور پر مقرر کرے۔ اس مقصد کے لئے موثر ہونے کی غرض سے اجلاس کے انعقاد کے وقت کم از کم 48 گھنٹے قبل اسلام آباد کے سیکٹر H-8/4 میں کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں پراکسی کی اطلاع موصول ہونا ضروری ہے۔ نوٹس کے ساتھ پراکسی فارم منسلک ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر نمبر 1 میں شامل درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ہدایات:

پراکسی کے تقرر کے لئے:

الف) افراد کے معاملے میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد و ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا لوازمات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔ پراکسی فارم کے لئے دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، پتہ اور شناختی کارڈ فارم پر درج ہوں گے۔ فائدہ اٹھانے والے مالکان اور پراکسی دونوں کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

ب) کارپوریٹ اداروں کے معاملے میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی جس میں کارپوریٹ ادارے کی نمائندگی اور ووٹ دینے کے لئے نامزد شخص کے نمونے کے دستخط ہوں گے، کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

۴۔ خصوصی ایجنڈا آئٹمز کے لئے ووٹنگ کا طریقہ کار

مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور ایس آر او 2192(1)12022 کے تحت 5 دسمبر 2022 کو اعلان کردہ ترامیم کے مطابق، ممبران کو مذکورہ بالا ضوابط میں بیان کردہ شرائط کے مطابق غیر معمولی اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لئے حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ کمپنی اپنے اراکین کو ووٹنگ کے لئے مندرجہ ذیل صورتوں کا اختیار فراہم کرے گی۔

الف) ای ووٹنگ کا طریقہ کار

- ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبروں کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست موبائل نمبر اور ای میل مقررہ وقت میں کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہیں۔
- ویب ایڈریس لاگ ان کی تفصیلات ممبروں کو ای میل کے ذریعے بتائی جائیں گی۔ سیکورٹی کوڈز ایس ایم ایس کے ذریعے ممبران کو میسرز کارپ لنک (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے مہیا کئے جائیں گے۔
- ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخطوں یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔
- ای ووٹنگ کی سہولت 15 مئی 2023 کو صبح 09:00 بجے شروع ہوگی اور 17 مئی 2023 کو شام 5:00 بجے بند ہوگی۔ ارکان اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جاتا ہے تو اسے بعد میں تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

ب) پوسٹل بیلٹ

ممبران اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ باقاعدہ مکمل اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر اجلاس کے چیئرمین کے نام کمپنی کے رجسٹرڈ پتے، شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ، پطرس بخاری روڈ، سیکٹر ایچ-ایٹ/فور اسلام آباد کے ذریعے یا ای میل chairman@shifa.com.pk پر غیر معمولی اجلاس عام سے ایک یوم قبل یعنی 17 مئی 2023 کو موصول ہو جائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کو شناختی کارڈ پر دستخط کے ساتھ ملایا جائے گا۔

۵۔ پتہ کی تبدیلی:

ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر دیں۔

۶۔ فیزیکل حصص کو سینٹرل ڈپازٹری میں جمع کرنا:

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 اور ایس ای سی پی کی جانب سے 26 مارچ 2021ء کو جاری کردہ مراسلے سی ایس ڈی/ای ڈی/متفرق/2016-639-640 میں شامل ہدایات کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو ایس ای سی پی کی جانب سے مقرر اور اعلان کردہ تاریخ سے بک انٹری فارم میں اتنے عرصے کے اندر تبدیل کرنا ہوگا جو ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ یعنی 30 مئی 2017 سے چار برس کے اندر اندر ہو۔

مندرجہ بالا ضرورت کے پیش نظر، فیزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ سرمایہ کار کا اکاؤنٹ یا کسی بھی بروکر کے ساتھ کھولیں تاکہ ان کے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کیا جا سکے۔

کسی بھی سوال یا معلومات کے لئے شیئر ہولڈرز مندرجہ ذیل پتوں، رابطہ نمبروں پر کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں:

| کمپنی رجسٹرڈ آفس | شیئر رجسٹرار آفس |
|---|---|
| شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ | کارپ لنک (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| سیکٹر H-8/4، اسلام آباد، فون نمبر: +92-51-8464770 | ونگز آرکیڈ، 1-کے، کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور۔ فون نمبر: +92-42-35916714 |